www.KitaboSunnat.com

تجزیہ و تبصرہ

چند تسامحات اور ان کی اصلاح

'محدث' ایک علمی و تحقیقی مجلہ ہے ،اس میں ہماری کوشش ہوتی ہے کہ زبان وبیان سے لے کر مفہوم و معنی تک ہر چیز معیار اور ثقاہت کی حامل ہو۔بالخصوص احادیث کی صحت و تحقیق کا کافی اہتمام کیا جاتا ہے۔ تاہم جولائی ۱۹۹۸ء کے شمارے میں دو حدیثیں ایسی شائع ہوگئی ہیں جو سنداً ضعیف ہیں۔

اس فروگزاشت کی طرف ہمارے ایک فاضل قاری جناب ابو سلمان صاحب نے توجہ دلائی ہے اور اس پر ایک مختصر تعاقب تحریر فرمایا ہے۔اس طرح اسی شمارے میں عبدالرشید عراقی صاحب کے شائع شدہ مضمون "سید سلیمان ندوی" میں کمپوزنگ کی بعض غلطیوں کے علاوہ چند علمی نکات کی طرف معروف شاعر وادیب جناب علیم ناصری نے توجہ دلائی ہے۔ ہم ان کی اس توجہ فرمائی کے بھی شکر گزار ہیں ... جزاہما اللہ احسن الجزاء

ہم اس سہو پر قارئین سے معذرت خواہ ہیں اور اللہ تعالیٰ سے بھی معافی کے طلب گار ہیں۔

ان شاء اللہ آئندہ ہم اس پہلو پر مزید اپنی توجہ مبذول کریں گے اور فاضل مضمون نگار حضرات سے بھی ہماری اپیل ہے کہ علم و تحقیق کے جو تقاضے ہیں، وہ اپنے مضامین میں ان کا ضرور اہتمام کیا کریں۔ بالخصوص آیات واحادیث کے حوالے مکمل ہونے چاہئیں تاکہ ادارے کو تحقیق و تصحیح اور مراجعہ کرنے میں آسانی ہو۔اس کے لیے بہتر یہ ہے کہ حدیث کے اصل ماخذ اور جلد و صفحہ کی بجائے کتاب، باب اور رقم الحدیث (اگر ممکن ہو) کا حوالہ دیا جائے۔ مثلاً صحیح البخاری کی حدیث ہے ، تو اس کے کون سے کتاب اور اس کے کس باب سے لی گئی ہے اور رقم الحدیث کیا ہے .... ؟

ہم نہایت شکریے کے ساتھ دونوں حضرات کے مکتوب شائع کر رہے ہیں ، کیونکہ یہ دونوں مکتوب علمی تعاقب کی حیثیت رکھتے ہیں، جن میں رہنمائی اور افادہ کے بہت سے پہلو ہیں۔ (ادارہ)

(۱) مکتوب جناب ابو سلمان سراج الاسلام حنیف صاحب ، مردان

☆ شمارہ جولائی ۹۸ء کے صفحہ ۳۸ پر جناب ڈاکٹر محمد اصغر اسعد ، ملتان نے اپنے مقالے "عربی لغت نگاری" میں حدیث پیش فرمائی ہے کہ :

"أحبو العرب لثلاث: لأني عربي، والقرآن عربي و كلام أهل الجنة عربي"

یہ روایت امام طبرانی کی المعجم الکبیر ۱۱ : ۱۴۸، ۱۴۹ (رقم : ۱۱۴۴۱) ، المعجم الاوسط ۶ : ۲۷۱ (رقم : ۵۵۷۹) ، امام حاکم کی المستدرک ۴ : ۸۷ ، معرفۃ علوم الحدیث : ۱۶۱-۱۶۲ اور امام بیہقی کی شعب الایمان ۲ : ۲۳۰ (رقم : ۱۶۱۰) پر موجود ہے۔ لیکن اس میں دو علتیں موجود ہیں :

۱۔ ابن جریج کا عنعنہ : ابن جریج کے بارے میں حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں : عبد الملك بن عبد العزيز بن جريج المكي، فقيه الحجاز، مشهور بالعلم والثبت، كثير الحديث ، وصفه النسائي وغيره

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ